جئے سندھ قومی محاذ کے وفد کی عبدالواحد آریسر کی قیادت میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات۔ایم کیوایم سے بھرپور یکجہتی کا اظہار

سندھ امن اور محبت کی دھرتی ہے جہاں نفرت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔واحد آریسر

الطاف حسین سندھ دھرتی سمیت ملک بھر کے محروم عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں،انور عالم

کراچی۔۔۔6/جون2007ء۔۔۔ جئے سندھ قومی محاذ کے مرکزی رہنماء عبدالواحد آریسر اور حفیظ لاکھو کی قیادت میں جسقم کے پندرہ رکنی نمائندہ وفد نے آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر عزیز آباد پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم،جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور دیگر اراکین سے ملاقات کی اور ایم کیوایم سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ملاقات میں ملک بالخصوص سندھ کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔عبدالواحد آریسر نے کہا کہ سندھ امن اور محبت کی دھرتی ہے جہاں نفرت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔سندھی اور اردو بولنے سندھی ایک ہی دھرتی کے بیٹے ہیں جن کا جینا مرنا سندھ سے وابستہ ہے،ان کے مفادات یکساں ہیں۔ماضی میں بھی سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کی سازشیں ناکامی سے دوچار ہوئی ہیں اور آج بھی جو قوتیں سندھ کے عوام کے درمیان دوریاں اور فاصلے بڑھانے کیلئے سرگرم ہیں انہیں ہر صورت میں ناکامی کا سامنا ہوگا اور ہم اپنے اتحاد سے ثابت کردیں گے کہ دنیا کی کوئی بھی قوت اس عظیم اتحاد کو نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔جسقم کے رہنماؤں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے 12 مئی کے سانحہ میں ایم کیوایم کے کارکنان کی شہادت پر رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جو ہمارے دوست شہید ہوئے ہم انہیں اپنا سمجھتے ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم اور جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور دیگر نے جسقم کے نمائندہ وفد کے ارکان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب نائن زیرو آمد پر خوش آمدید کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سندھ کی مہمان نوازی اور ثقافت کا تحفہ اجرکیں اور سندھی ٹوپیاں پہنائی اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سندھ دھرتی کے سپوت ہیں جو سندھ دھرتی کے حقوق سمیت ملک بھر کے محروم عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں،الطاف حسین کے دروازے سب کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی سندھی اور اردو بولنے والے سندھیوں کے درمیان مضبوط رشتہ ہے اور ہم سب اسی نظریئے کے تحت کام کررہے ہیں اور ایک ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کالاباغ ڈیم کے حوالے سے ہو یا این ایف سی ایوارڈ یا کاروکاری اور دیگر ایشوز پر ایم کیوایم اپنا کردار نبھایا اور آئندہ بھی اس حوالے سے نبھاتی رہے گی۔آخر میں انہوں نے 12 مئی کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور ان کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعائیں کیں۔جسقم کے وفد میں شفیع کرنانی چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی،سرائی قربان کھاوڑ،باغی بجارانی سینٹرل آرگنائزر، سجاد پنہور انفارمیشن سیکریٹری جئے سندھ اسٹوڈینٹس فیڈریشن اور وریام سنجرانی مزدور رہنما لیبر ونگ کے علاوہ دیگر شامل تھے۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی مشیر اشفاق منگی،ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے صوبائی وزیر شبیر احمد قائم خانی،صوبائی مشیر مرتضیٰ میمن،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج و اراکین بھی موجود تھے۔

جیکب آباد کی یونین کونسل تاج اوڈھو کے آزاد جنرل کونسلروں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کردیا

جیکب آباد۔۔۔6/جون2007ء۔۔۔جیکب آباد کی یونین کونسل تاج اوڈھو سے تعلق رکھنے والے دو آزاد جنرل کونسلروں منیر احمد عمرانی اور نظیر احمد عمرانی نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ پر مکمل اعتماد اور ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے یہ اعلان انہوں نے جیکب آباد زون آفس کے دورے کے موقع پر کیا۔اس موقع پر جیکب آباد زونل کمیٹی کے انچارج و دیگر اراکین بھی موجود تھے۔منیر احمد عمرانی اور نظیر احمد عمرانی نے کہا کہ 12 مئی کا واقعہ ایم کیوایم کیخلاف گھناؤنی سازش تھا جس کا مقصد غریب عوام کو ایم کیوایم اور قائد تحریک الطاف حسین سے بدظن کرنا تھا۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے غریب عوام باشعور ہیں جو آج بھی قائد تحریک الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین غریبوں کے مسیحا ہیں جو غریبوں کے جائز حقوق اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے پرامن عملی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔اس موقع پر زونل کمیٹی کے ارکان نے انہیں ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر انہیں اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی اور کہا کہ غریب ومتوسط طبقے کے عوام نے اپنے اتحاد سے 12 مئی کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیا ہے۔

اے پی ایم ایس او نیشنل کالج کے کارکن عامر وحیدی کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور تنظیم نو کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔6/جون 2007ء۔۔۔ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن نیشنل کالج کے کارکن عامر وحیدی کے والد سید محی الدین وحیدی انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ وہمت دے۔(آمین) دریں اثناء آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی نے بھی اے پی ایم ایس او نیشنل کالج کے کارکن عامر وحیدی کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی۔

☆☆☆☆☆